# ووٹ ڈالنے کے لیے خود کو رجسٹر کریں

## آن لائن جائیں

اس فارم کو اس ویب سائیٹ پر پُر کرنا تیز اور آسان ہے:
gov.uk/register-to-vote.

## ووٹ ڈالنے کے لیے خود کو رجسٹر کرنا

آپ ووٹ ڈالنے کے لیے خود کو رجسٹر کرسکتے ہیں اگر آپ ہیں:

- یوکے میں رہائش پذیر (عموماً وہاں رہتے ہوں) اور عمر 16 سال یا اس سے زیادہ ہو (لیکن آپ 18 سال کی عمر تک پہنچنے سے قبل ووٹ نہیں ڈال سکیں گے)۔

آپ کا ان میں سے ایک ہونا ضروری ہے:

- ایک برطانوی ، آئرش یا یوروپین شہری ہوں ، یا
- ایک کامن ویلتھ شہری ہوں جسے یوکے میں داخل ہونے یا موجود ہونے کی اجازت ہو یا جسے اس طرح کی اجازت کی ضرورت نہ ہو۔

اس فارم میں موجود تمام معلومات درج کرنی ہوں گی (تاوقتیکہ اس کے برخلاف بتایا جائے) یا آپ کی درخواست تاخیر کا شکار ہوسکتی ہے۔

## 1 آپ کا نام اور پتہ

پہلا نام

خاندانی نام

آپ کا پتہ

پوسٹ کوڈ

کیا آپ کسی اور پتے پر بھی رہتے ہیں؟ براہ کرم نشان لگائیں۔ ☐ نہیں ☐ ہاں

اگر جواب ہاں میں ہے، تو آپ کو یہ پتہ ہمیں دینے کی ابھی ضروری نہیں ہے لیکن ہم بعد میں مزید معلومات آپ سے پوچھ سکتے ہیں۔

فون نمبر ( اختیاری)

ای میل ( اختیاری)

ای میل ایڈریس یا فون نمبر دینے سے ہمیں آپ کی درخواست کے بارے میں آپ سے جلدی اور سہل طریقے سے رابطہ کرنا ممکن ہو جاتا ہے۔

### غلط معلومات

اگر آپ نے ایسی معلومات درج کردی ہیں جو غلط ہیں، تو مہربانی کرکے انہیں کاٹ دیں اور درست معلومات درج کریں۔

## 2 آپ کی قومیت

اگر آپ کی ایک سے زیادہ قومیتیں ہیں تو ان تمام کو مہربانی کر کے درج کریں۔
(اپنی قومیت کے بارے میں نہیں جانتے ؟ براہ کرم حصہ 9 دیکھیں)۔

(مزید معلومات کے لیے صفحہ 4 دیکھیں)

## 3 پچھلے 12 ماہ کے دوران گھر تبدیل کیا ہے؟

براہ کرم نشان لگائیں۔ ☐ نہیں ☐ ہاں

اگر جواب ہاں میں ہے ، تو مہربانی کرکے اپنا پچھلا پتہ دیں جہاں آپ پچھلے سال رہے تھے یا آپ کی درخواست تاخیر کا شکار ہوسکتی ہے۔

پوسٹ کوڈ

اگر یہ پتہ کسی دوسرے ملک کا ہے، توکیا آپ یوکے میں ایک غیر ملکی ووٹر کے طور پر رجسٹر تھے؟ براہ کرم نشان لگائیں۔ ☐ نہیں ☐ ہاں

( Barcode goes here )

## 4 آپ کی تاریخ پیدائش

دن دن | مہینہ مہینہ | سال سال سال سال

اگر آپ کو تاریخ پیدائش معلوم نہیں ہے تو مہربانی کر کے نشان لگائیں، اگر آپ:

18 سال سے کم ہیں ☐ 75-18 ☐ اگر عمر 76 یا زیادہ ہے ☐

(آپ کو تاریخ پیدائش معلوم نہیں ہے؟ براہ کرم حصہ 9 دیکھیں)۔ (مزید معلومات کے لیے صفحہ 4 دیکھیں)

## 5 آپ کا نیشنل انشورنس نمبر

اسے آپ اپنی تنخواہ کی سلپ ، یا ٹیکس ، پینشن یا فوائد سے متعلقہ کسی خط پر لکھا ہوا پا سکتے ہیں۔

(آپ کو اپنا نیشنل انشورنس نمبر معلوم نہیں ہے؟ براہ کرم حصہ 9 دیکھیں)۔

## 6 کیا آپ نے اپنا نام تبدیل کرلیا ہے؟

مہربانی کر کے آپ ہمیں اپنا تازہ ترین سابقہ نام بتائیں (اختیاری)۔

مہربانی کرکے آپ ہمیں وہ تاریخ بتائیں جب آپ نے اپنا نام تبدیل کیا تھا (اختیاری)۔

سال سال سال سال | مہینہ مہینہ | دن دن

(مزید معلومات کے لیے صفحہ 4 دیکھیں)

## 7 بذریعہ ڈاک یا پراکسی ووٹ دیں؟

براہ کرم نشان لگا کر پائیں کہ آپ کیسے ووٹ دینا چاہتے ہیں اور ہم آپ کو درخواست فارم بھیج دیں گے یا آپ درخواست فارم **electoralcommission.org.uk/voter** پر ڈاونلوڈ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کسی پولنگ اسٹیشن پر بذات خود ووٹ دینے کا ارادہ رکھتے ہیں، تو اس حصے کو خالی چھوڑ دیا جانا چاہیے۔

☐ بذریعہ ڈاک ☐ پراکسی کے ذریعے (کوئی اور شخص آپ کی جگہ ووٹ ڈال دے )

## 8 اوپن رجسٹر

اوپن رجسٹر الیکٹورل رجسٹر کا ایک اقتباس ہوتا ہے، لیکن اسے انتخابات کے لیے استعمال نہیں کیا جاتا۔ اسے کوئی بھی خرید سکتا ہے اور یہ کئی مقاصد کے لیے استعمال ہوتا ہے، بشمول نام کی تصدیق اور پتے کی تفصیلات اور براہ راست مارکیٹنگ کے مقاصد کے لیے۔

☐ اگر آپ اپنا نام اور پتہ کی تفصیل اوپن رجسٹر میں درج نہیں کروانا چاہتے، تو مہربانی کر کے ٹِک کا نشان لگائیں۔ (مزید معلومات کے لیے صفحہ 4 دیکھیں)

## 9 (آپ کو اپنی قومیت، تاریخ پیدائش یا اپنا نیشنل انشورنس نمبر معلوم نہیں ہے؟ آپ ہمیں بتائیں کہ ایسا کیوں ہے

اگر آپ یہ تفصیلات مہیا نہیں کر سکتے تو ہم آپ کی درخواست پر کارروائی کرنے سے قبل کوئی دیگر ثبوت مانگ سکتے ہیں۔

## 10 اعلانیہ

میں آج کل اس پتہ پر رہتا / رہتی ہوں۔ میرے بہترین علم کے مطابق اس فارم میں درج معلومات درست ہیں۔
میں سمجھتا/ سمجھتی ہوں کہ جو معلومات میں نے اس فارم کے ذریعے دی ہیں انہیں الیکٹورل رجسٹر پر استعمال کیا جائے گا۔
میں سمجھتا/ سمجھتی ہوں کہ جب مجھے رجسٹریشن کی درخواست دینے کے لیے کہا گیا اور میں نے ایسا نہ کیا تو مجھے £80 تک جرمانے کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ میں سمجھتا/ سمجھتی ہوں کہ اس فارم میں جان بوجھ کر غلط معلومات دینا ایک جرم ہے اور جرم ثابت ہونے پر مجھے چھ ماہ قید اور / یا لامحدود جرمانہ بھرنا پڑے گا۔

دستخط

آج کی تاریخ

دن دن | مہینہ مہینہ | سال سال سال سال

اگر آپ کو یہ فارم بھرنے میں مدد درکار ہے، تو براہ کرم صفحہ 1 پر موجود معلومات کے ذریعے ہم سے رابطہ کریں۔

( Barcode goes here )

## آپ کی قومیت

آپ یوکے میں ووٹ ڈالنے کے لیے خود کو رجسٹر کر سکتے ہیں اگر آپ ایک برطانوی (بشمول انگلش، سکاٹس، ویلش یا شمالی آئرلینڈ کے)، آئرش یا یورپین شہری ہوں، یا ایک کامن ویلتھ شہری ہوں جسے یوکے میں داخل ہونے یا موجود ہونے کی اجازت ہو یا جسے اس طرح کی اجازت کی ضرورت نہ ہو۔ ہمیں آپ کی قومیت کے بارے میں اضافی ثبوت درکار پڑ سکتے ہیں یا ہم آپ کی قومیت اور امیگریشن کی حیثیت سرکاری ریکارڈ سے چیک کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کی ایک سے زیادہ قومیتیں ہیں تو ان تمام کو مہربانی کر کے درج کریں۔

## آپ کی تاریخ پیدائش

اگر آپ کو اپنی تاریخ پیدائش معلوم نہیں ہے تو مہربانی کرکے آپ ہمیں وہ تاریخ بتائیں جو آپ اپنی سرکاری دستاویزات (مثلاً ، اپنے پاسپورٹ یا ڈرائیونگ لائسنس) میں لکھتے ہیں یا درج ذیل میں ایک خانے پر نشان لگائیں۔ آپ کی تاریخ پیدائش سے آپ کی شناخت ہوتی ہے، آپ کی ووٹ ڈالنے کی اہلیت کی تصدیق کرتی ہے اور یہ جیوری سروس کے لیے آپ کو بلانے کے لیے استعمال ہو سکتی ہے۔

## کیا آپ نے اپنا نام تبدیل کرلیا ہے؟

مثال کے طور پر ، آپ نے شادی کرلی ہو اور اپنا نام بدل لیا ہو۔ آپ کو اپنے نام کی تبدیلی سے متعلقہ تفصیلات بتانا لازمی نہیں ہے لیکن اس سے ہمیں آپ کو پہچاننے میں مدد ملے گی۔ اگر آپ یہ معلومات نہیں دیں گے تو ممکن ہے کہ آپ کو اضافی دستاویزی ثبوت فراہم کرنا پڑیں گے۔

## اوپن رجسٹر

یہ دو رجسٹر ہوتے ہیں۔ **کیوں؟** عوام سے حاصل کردہ معلومات کو استعمال کرتے ہوئے ، رجسٹریشن آفیسرز دو طرح کے رجسٹر رکھتے ہیں – الیکٹورل رجسٹر اور اوپن رجسٹر ( جسے ایڈیٹیڈ رجسٹر بھی کہتے ہیں )۔

**الیکٹورل رجسٹر** میں ان تمام لوگوں کے نام اور پتے درج ہوتے ہیں جو عوامی انتخابات میں ووٹ کے لیے رجسٹر ہوتے ہیں۔ یہ رجسٹر انتخابی مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، مثلاً یہ یقینی بنانے کے لیے کہ صرف اہل لوگ ہی ووٹ ڈال سکیں۔ اسے دیگر محدود مقاصد کے لیے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے جن کی قانون میں تخصیص کی گئی ہے، مثلاً:

- جرم کا سراغ لگانے کے لیے (مثلاً فراڈ)
- لوگوں کو جیوری سروس کے لیے بلانے کے لیے
- قرضے کی درخواستیں چیک کرنے کے لیے۔

**اوپن رجسٹر** الیکٹورل رجسٹر کا ایک اقتباس ہوتا ہے، لیکن اسے انتخابات کے لیے استعمال نہیں کیا جاتا۔ اسے کوئی بھی شخص ، کمپنی یا تنظیم خرید سکتی ہے۔ مثلاً ، اسے کاروبار یا مخیر تنظیمیں نام اور پتہ سے متعلقہ تفصیلات کی تصدیق کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ آپ کا نام اور پتہ اوپن رجسٹر میں شامل کردیا جائیگا، اگر آپ انہیں ہٹانے کے لیے نہیں کہتے ۔ اوپن رجسٹر سے آپ کی تفصیلات ہٹانے سے آپ کے ووٹ ڈالنے کا حق متاثر نہیں ہوتا ہے۔

اگر آپ کو فکر لاحق ہے کہ رجسٹر پر آپ کے نام یا پتے کی وجہ سے آپ کی سلامتی متاثر ہو سکتی، تو آپ کو دیگر انتخابات دستیاب ہیں۔ چند مخصوص حالات میں ، آپ رجسٹر پر اپنا نام اور پتہ ظاہر کیے بغیر رجسٹر ہو سکتے ہیں۔ اس بارے میں مزید جاننے کے لیے، مہربانی کر کے اپنے الیکٹورل رجسٹریشن آفس سے رابطہ کیجیئے۔ آپ اس فارم کے صفحہ 1 پر ان کا پتہ معلوم کر سکتے ہیں۔ آپ دونوں رجسٹروں کے بارے میں مزید معلومات اور انہیں کس طرح استعمال کیا جا سکتا ہے اس ویب سائیٹ **gov.uk/register-to-vote** پر جان سکتے ہیں۔

## پرائیویسی کے بارے میں بیان

ہم عوامی مفاد میں کیے جانے والے کام کی قانونی بنیادوں کے تحت معلومات جمع کرتے ہیں، جیسا کہ ریپریزینٹیشن آف پیپل ایکٹ 1983 اور متعلقہ قواعد میں بیان کیا گیا ہے۔ ہم ذاتی معلومات کو بحفاظت رکھیں گے اور ڈیٹا کی حفاظت کے بارے میں قوانین پر عمل پیرا ہوں گے۔

اگر آپ نے اوپن رجسٹر سے نکلنے کا فیصلہ کیا ہے، تو ہم صرف اس معلومات کو استعمال کریں گے، جو آپ انتخابات کے مقاصد کے لیے ہمیں دیں گے، بشمول الیکٹورل رجسٹر کو درست رکھنے کے لیے دیگر ذرائع سے ڈیٹا کے ساتھ ملانا۔ ہم ذاتی معلومات کسی اور کو نہیں دیں گے، ماسوائے یہ کہ ایسا قانون کا تقاضہ ہو۔ قانون ہم سے آپ کی معلومات امیدواروں، سیاسی پارٹیوں اور جمہوری شمولیت کے مقاصد کے لیے مہم کاروں کے ساتھ اور جب آپ کریڈٹ کے لیے درخواست دیتے ہیں، تو آپ کی شناخت جانچنے کے لیے کریڈٹ ریفرنس ایجنسیوں کے ساتھ شریک کرنے کا تقاضہ کرتا ہے۔

اگر آپ اوپن رجسٹر سے نہیں نکلے، تو آپ کا نام اور پتہ کسی کی بھی جانب سے خریدا جا سکتا ہے اور کئی مقاصد کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے، بشمول براہ راست مارکیٹنگ۔

الیکٹوریل رجسٹریشن آفیسر کنٹرولر ہے۔ ان کے پاس ایک پالیسی دستاویز ہونی چاہیے، جسے پرائیوسی نوٹس کہا جاتا ہے، جو بیان کرتا ہے کہ وہ ذاتی ڈیٹا پر کیسے عمل درآمد کرتے ہیں۔

«Web 2» پر پرائیوسی نوٹس ملاحظہ فرمائیں

یا ہم سے ایک نقل کی درخواست کریں۔ «ERO name» «ERO address» «ERO telephone»

## فارم کے حوالے سے مسائل ہیں؟

**اپنے الیکٹورل رجسٹریشن آفیسر سے رابطہ کریں اگر اس فارم کو سمجھنے یا مکمل کرنے کے لیے کسی قسم کی مدد کی ضرورت ہو یا آپ کو یہ فارم بڑے پرنٹ یا کسی اور شکل میں درکار ہو۔ – آپ اس فارم کے صفحہ 1 پر ان کی تفصیلات معلوم کر سکتے ہیں۔**

( Barcode goes here )